سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# معاشی سرگرمیاں اور روزگار

# ECONOMIA I TREBALL

## Acomiadament نوکری سے برخاستگی

ایسا عمل جس کے تحت کوئی بھی کمپنی یا ادارہ اپنے ملازمین کو برخاست کر دیتا ہے۔ اس کی کوئی ٹھوس وجہ (جس کو ثابت کیا جا سکے۔ ایسی صورت میں کسی قسم کا ہرجانہ ادا نہیں کیا جاتا) بھی ہو سکتی ہے۔ بلاوجہ کام سے نکالے جانے کی صورت میں ادارہ ملازم کو ہرجانہ دینے کا پابند ہے۔ تاہم کام ختم ہونے کی صورت میں ملنے والی اضافی تنخواہ **finiquito** کا اس سے کوئی تعلق نہیں

## Afiliar-se حصول رکنیت

کسی بھی ایسوسی ایشن۔ سیاسی جماعت۔ مزدور یونین پیشہ وارانہ یونین میں شمولیت کو حصول رکنیت کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس سے مراد سوشل سیکورٹی میں اپنے نام کا اندراج کراتے ہیں، جہاں ہمیں سوشل سیکورٹی نمبر ***número d'afiliació*** دیا جاتا ہے

## Agència Tributària ٹیکسوں کی ایجنسی

وفاقی ادارہ برائے نظامت ٹیکس کو کہا جاتا ہے۔ جو وزارت خزانہ اور ٹیکس وصولی کی وزارت کے تحت کام کرتا ہے۔ اس کا بنیادی کام مختلف قسم کی ٹیکسوں کی وصولی ***(IRPF, IVA,...)*** اور اس کا حساب رکھنا ہے۔ چاہے وہ مالکان سے متعلق ہو یا انفرادی طور پر پیشہ وارانہ افراد کیلئے مخصوص ہو

## Assegurances انشورنس

انشورنس کرنے اور انشورنس کرانے والے فرد کے درمیان ہونے والے معاہدے کو انشورنس پالیسی کہا جاتا ہے۔ جس کے تحت انشورنس کروانے والا شخص یا اس کے لواحقین کو اس پالیسی کی ماہانہ ادائیگی کرنے کے عوض کسی حادثے کی صورت میں معاوضہ وصول کرنے کے حق دار ہیں۔ سماجی انشورنس میں انسانی زندگی کو پیش آنے والے حادثات کی صورت میں معذور ہو جانے والوں یا اس کے اخراجات اور آمدنی کو محفوظ کیا جا سکتا ہے

## Autoocupació / Autoempresa اپنا کاروبار کرنا یا اپنے طور پر کام کرنا

محکمہ محنت اور انڈسٹری کے تحت ایسے افراد کیلئے مدد و رہنمائی دی جاتی ہے جو اپنا کوئی کام کرنا چاہتے ہیں۔ جس میں ان کی کسی بھی کاروبار بارے مکمل معلومات کی فراہمی۔ اس کے لئے کسی سرمایہ کی فراہمی کے متعلق معلومات۔ ترغیبی اور امدادی پروگرام وغیرہ

## Autònom اپنا کاروبار کرنے والے افراد

اپنے لئے خود کام کرنا یا اپنا کاروبار کرنے والے شخص کو کہتے ہیں جو کہیں ملازمت نہیں کرتا

## Autorització de treball per compte propi اپنے کاروبار کیلئے کام کا اجازت نامہ

غیر ملکی تارکین وطن کیلئے جاری کی جانے والا اجازت نامہ یا ریذیڈنسی جس کے تحت وہ اپنا کام یا کاروبار کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر کوئی دکان یا بزنس شروع کر سکتے ہیں۔ ایسا

اجازت نامہ ہم اپنے ملک سے ہی اسپین کے سفارتخانہ کے ذریعے حاصل کرسکتے ہیں۔

## Aval ضامن

کسی معاہدہ کے تحت جب کوئی شخص یا ادارہ (تنظیم۔کمپنی۔کوآپریٹو وغیرہ) دوسرے شخص یا ادارے کے ساتھ کسی ذمہ داری کو پورا کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔ بنکوں کے قرضہ جات کی صورت میں جب بنک محسوس کرے کہ قرضہ لینے والا شخص اپنا وعدہ پورا نہیں کرسکے گا تو ایسی صورت میں کسی دوسرے شخص کو گارنٹی دینے والے یا ضامن کے طور پر ڈالا جاتا ہے۔اس کا مطلب ہے کہ اگر قرضہ دینے والا وقت پر ادائیگی نہ کرے تو ایسی صورت میں ضامن ذمہ دار ہوگا

## Banc بنک

ایسا مالیاتی ادارہ جو رقم کی وصولی اور ادائیگی کا پابند ہے۔جس کے عوض وہ ایک مخصوص کمیشن لیتا ہے۔ان مالیاتی اداروں سے حاصل ہونے والا منافع اس کے حصہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے

## Bonificacions بونس

اکثر اوقات قانونی طور پر بعض خصوصی حالات کی صورت میں انکم ٹیکس کی ادائیگی معاف کی جاتی ہے۔مثال کے طور پر ایسے افراد جو 45 سال سے زائدالعمر کے لوگوں،معذور افراد،بیروزگار افراد کو ملازمت دیتے ہیں۔عام طور پر سوشل سیکورٹی اس کے لئے رعایت یا بونس دیتی ہے

## Caixa d'estalvi سیونگ یا بچت کے بنک

مالیاتی ادارے جو بنکوں کی طرح اپنا سرمایا اپنے حصہ داروں کی وجہ سے تقسیم نہیں کرتے۔ان کے منافع کا ایک حصہ سماجی بہبود کے منصوبوں کیلئے استعمال ہوتا ہے جن میں لائبریری۔بزرگ شہریوں کیلئے قائم سنٹر۔تحفظ ماحول برائے پروگراموں اور نئے آنے والے شہریوں کی بھلائی کیلئے استعمال ہوتا ہے

## Caixer automàtic آٹومیٹک کیشیئر

ان سے مراد ایسی مشینیں ہیں جو بنکوں اور سیونگ سکیموں کے صارفین کو چوبیس گھنٹے پیسے جمع کروانے اور پیسے نکلوانے۔بلوں کی ادائگی۔یا اپنا اکاؤنٹ چیک کرنے کیلئے سروس فراہم کرتی ہیں

## Cambres de Comerç i Indústria چیمبر آف کامرس وانڈسٹری

ایسی تنظیم یا ایسوسی ایشن جو ایک ہی قسم کے تاجران یعنی کامرس اور انڈسٹری کے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتی ہے اور ان کے مفادات کیلئے کام کرتی ہے،اس کے علاوہ سمندری اور زرعی شعبہ جات میں بھی ایسی تنظیمیں موجود ہیں

## Carta de recomanació سفارشی خط

یہ اس دستاویز کو کہتے ہیں جس میں ہمارا وہ ادارہ جہاں ہم نے پہلے کام کیا ہوتا ہے وہ ہمارے تجربہ اور کام بارے اپنے اطمینان کا اظہار کرتا ہے اور اسے تعریفی لیٹر بھی کہا جاسکتا ہے

## Centres d'Innovació i Formació Ocupacional (CIFO) پیشہ وارانہ تربیت اور نئی ٹیکنالوجی بارے معلومات فراہم کرنے والا ادارہ

مذکورہ ادارہ کتلان ادارہ برائے روزگار **Servei d'Ocupació de Catalunya** کے تحت کام کرتا ہے۔جو اس محکمہ کے بیروزگار **Oficines de**

**Treball de la Generalitat** ممبر ارکان کی پیشہ وارانہ تربیت اور ریفریشر کورسز کروانے کا اہتمام کرتا ہے۔اس کے علاوہ یہ ادارہ کسی بھی شخص کی قابلیت کا اندازہ لگانے کے بعد اس کی پیشہ وارانہ قابلیت کا سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں۔اس ادارے کی بہت سی سرگرمیاں انٹرنیٹ **e-CIFO** کی ذریعے کی جاتی ہیں

## Centre d'Innovació i Desenvolupament Empresarial (CIDEM) اداروں کی بہتری کیلئے تربیت اور ریفریشر کورس کا مرکز

مذکورہ مرکز جنرلیتات دے کتلونیا سیاحت، کامرس اور انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ **(Departament d'Indústria, Comerç i Turisme)** کے تحت کام کرتا ہے۔جس کا مقصد مختلف اداروں کیلئے تربیتی کورسز ان کی صلاحیت بڑھانے کیلئے مدد و رہنمائی وغیرہ شامل ہے

## Col·legi professional پیشہ وارانہ کالج

کسی خاص شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی پیشہ وارانہ تربیت کا ذمہ دار مرکز مثال کے طور پر وکیلوں کا کالج۔جو افراد ان کالجز سے منسلک ہوتے ہیں انہیں ممبر شپ نمبر دیا جاتا ہے۔جس کے بعد وہ اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں ادا کرنے کے قابل ہوتے اس مخصوص نمبر کے بغیر کوئی بھی پیشہ وارانہ فرد کام نہیں کر سکتا۔پیشہ وارانہ کالجز عام طور پر صوبائی ہوتے ہیں

## Col·legiació کالج کی تعلیم

ہمارے ملک میں پیشہ وارانہ معاملات میں ملازمت کرنے کیلئے کسی بھی پیشہ وارانہ کالج سے منسلک ہونا ضروری ہے جس سے مراد آپ کی صلاحیتوں اور قابلیت کا مذکورہ شعبہ میں اعتراف ہے۔تاکہ آپ اس شعبہ میں کام کرسکیں جیسے میڈیکل کالج۔انجینئرنگ کالج۔نرسنگ کالج وغیرہ

## Comissions bancàries بنک کمیشن

وہ رقم جو مالیاتی ادارے کسی بھی خدمت کے عوض وصول کرتے ہیں بعض اوقات یہ کچھ بھی نہیں ہوتا جیسے پیسے بجھوانے کیلئے کوئی کمیشن نہیں لیا جاتا

## Compromís d'activitat متحرک رہنے کا عہد

یہ کسی بھی ملازم کا وہ عہد ہے جو وہ بیروزگاری الاؤنس ***prestació d'atur*** لیتے وقت کرتا ہے کہ وہ جتنا عرصہ یہ الاؤنس لیتا رہے گا وہ تلاش روزگار ترک نہیں کرے گا۔اسے جو بھی مناسب نوکری کی پیشکش ہوگی وہ اسے قبول کرلے گا۔اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کیلئے وہ کتلان ادارہ برائے روزگار کے کورسز میں شرکت کرے گا۔جہاں اسے مزید معلومات۔اپنا کام بدلنے بارے ہدایات وغیرہ حاصل ہوں گی

## Compte corrent o llibreta bancària کرنٹ اکاؤنٹ یا سیونگ اکاؤنٹ

کسی بھی مالیاتی ادارے میں صارف کی جانب سے کھولا جانے والا کھاتہ بنک اکاؤنٹ کہلاتا ہے۔جس کے ذریعے صارف پیسے جمع کرواتا ہے یا نکلوا سکتا ہے۔اس کے علاوہ اس کے ذریعے وہ اپنے بلوں کی ادائیگی کرسکتا ہے۔اس اکاؤنٹ میں سے اتنے ہی پیسے نکل سکتے ہیں جتنے اس میں جمع ہوں

## Contracte laboral o de treball ملازمت یا روزگار کا معاہدہ

کسی بھی ادارے کے مالک یا اسکے نمائندہ اور ملازمت کے خواہشمند افراد کے درمیان طے پانے والا معاہدہ ہے جس کے تحت باہمی رضامندی کے تحت قانون کے مطابق شرائط درج کی جاتی ہیں جن میں ملازمت کا دورانیہ۔کام کے اوقات۔چھٹیاں۔تنخواہ وغیرہ بارے درج ہوتا ہے۔اس معاہدہ کو دس دن کے اندر جنرلیتات کے دفتر برائے روزگار ***Oficines de Treball de la Generalitat, OTG*** میں رجسٹر کروانا لازمی ہے۔

### Conveni col·lectiu اجتماعی معاہدہ

مالکان اور ملازمین ومزدور تنظیم کے نمائندوں کے درمیان کم از کم تنخواہ۔ غیر منافع بخش سہولتوں اور کام کے بارے شرائط کیلئے ہونے والا معاہدہ جس میں بعض اوقات حکومت بھی ثالث ہوتی ہے

### Cotització a la Seguretat Social سوشل سیکورٹی میں اندراج

ملازمین اور مالکان کی جانب سے مخصوص کوٹہ کی ادائیگی کو یقینی بنانے کیلئے قائم ادارہ۔ جس کے ذریعے تمام سماجی بہبود کے منصوبوں کو یقینی بنایا جاتا ہے جس سوشل سیکورٹی **Seguretat Social** کہتے ہیں

### Creació d'empreses کسی ادارے کا قیام

محکمہ محنت اور انڈسٹری کے تحت نئے قائم کئے جانے والے اداروں کے قیام کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اس کے تحت ایسے افراد جو کوئی ادارہ بنانا چاہتے ہیں ان کی مدد و رہنمائی۔ معلومات کی فراہمی۔ مالی وسائل کا حصول۔ پیشہ وارانہ سہولت فراہم کی جاتی ہے

### Crèdit قرضہ

کسی بھی مالیاتی ادارے کی جانب سے خاص رقم کا بطور ادھار دیا جانا قرضہ کہلاتا ہے۔ یہ قرضہ بنک میں رقم کی عدم موجودگی کے باوجود بلوں کی ادائیگی یا کریڈٹ کارڈز **targeta de crèdit** کی صورت میں ہوسکتی ہے۔ یہ صارف پر منحصر ہے کہ وہ اس رقم کو استعمال کرتا ہے یا نہیں

### Curriculum vitae (CV) کوائف نامہ

ایسی دستاویز کو کہتے ہیں جہاں ہمارے ذاتی۔ تعلیمی اور پیشہ وارانہ کوائف موجود ہوتے ہیں۔ جسے دیکھنے کے بعد کوئی بھی اندازہ کرسکتا ہے کہ ہم نے کہاں تک تعلیم حاصل کی اور ہمارا کام کیا ہے۔ تربیت تعلیم کہاں تک ہے۔ عام طور پر تلاش روزگار کیلئے کوائف نامہ کے ساتھ سابقہ ادارے کا تعریفی لیٹر بھی دیا جاتا ہے۔ تلاش روزگار بارے مراکز ہمیں اس کیلئے مکمل معلومات ورہنمائی فراہم کرسکتے ہیں

### Deduccions o contingències comunes تنخواہ سے کاٹا جانے والا ٹیکس

اگر ہم کہیں ملازمت کرتے ہیں تو ہر ماہ ہماری تنخواہ سے سوشل سیکورٹی **Seguretat Social** کی مد میں ایک مخصوص رقم منہا کی جاتی ہے۔ تاکہ مستقبل میں ہم اس رقم سے مستفید ہوسکیں۔

### Document de liquidació i quitança کسی ادارے سے کام ختم ہونے کے بعد آخری ادائیگی کا سرٹیفکیٹ

جب کسی بھی ادارے میں ہمارا کام ختم ہوجائے تو ہمیں اس ادارے کی جانب سے جو کل رقم، اضافی کام۔ چھٹیوں یا ہرجانہ کی صورت میں ادا کی جاتی ہے اسے عام زبان میں خاتمہ یا فنے کیتو کہتے ہیں

### E-CIFO انٹرنیٹ پر تربیتی کورسز کا نظام

کتلان ادارہ برائے روزگار **Servei d'Ocupació de Catalunya** کے تحت قائم کیا جانے والا ریفریشر کورس۔ پیشہ وارانہ تربیتی کورسز انٹرنیٹ پروگرام (**Centres d'innovació i de Formació Ocupacional, CIFO**) جس سے بیروزگار افراد خصوصی طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں

(www.ecifo.net)

## Economia de mercat مارکیٹ کی معیشت

اس سے مراد مصنوعات اور مارکیٹ میں اس کی قیمت کا تعین ہے۔ عام طور پر سرمایہ کارانہ معیشت کا نظام پایا جاتا ہے۔ جس کے مطابق مارکیٹ کی طلب کے مطابق قیمتوں میں اتار چڑھاؤ پایا جاتا ہے

## Empreses de Selecció de Personal (ESP) ملازمین کے انتخاب کا ادارہ

کسی دوسرے ادارے کیلئے ملازمین کا انتخاب کرنے کا ذمہ دار ادارہ۔ ایسے ادارے کسی بھی دوسرے ادارے کی ڈیمانڈ پر ان کی مرضی کے مطابق افراد کا انتخاب کرتے ہیں۔ عام طور پر ایسے ادارے اشتہارات کے ذریعے اپنا کام سرانجام دیتے ہیں

## Empreses de Treball Temporal (ETT) عارضی ملازمت کا ادارہ

ایسا ادارہ جو ایک معاہدہ کام کے تحت کسی دوسرے ادارے کو عارضی طور پر افرادی قوت فراہم کرتا ہے۔ عام طور پر ملازم براہ راست کام والے ادارے کی بجائے ان عارضی ملازمت کے اداروں کے ساتھ معاہدہ کرتا ہے۔ جس کے بدلے یہ ادارہ ملازم کی تنخواہ کا کچھ حصہ بطور کمیشن وصول کرتا ہے

## Entitat d'estalvi بچت کا ادارہ

مالیاتی اداروں کو جو سیونگ بنک کے نام سے بھی پہچانا جاتی ہیں انہیں بچت کے ادارے بھی کہا جاتا ہے۔ جس کے نام سے صاف ظاہر ہے کہ وہ اپنے صارفین کو بچت کیلئے متحرک کرتا ہے

## Entitat financera مالیاتی ادارہ

ایسا ادارہ جو مختلف قرضوں کی صورت میں کسی منافع بخش کاروبار کیلئے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ عام طور پر جانے پہچانے ادارے مختلف بنک اور سیونگ سکیمیں جنہیں ہم کاخا کے نام سے بھی جانتے ہیں چند سالوں سے دوسرے مالیاتی ادارے بھی سامنے آئے ہیں جو ان دونوں سے ہٹ کر ہیں مگر ان کا کام بھی قرضوں کی صورت میں سرمایہ فراہم کرنا ہے۔ تاہم ان کے منافع یا سود کی شرح ***interessos*** عام بنکوں کی نسبت بہت زیادہ ہوتی ہے

## Escoles taller i cases d'oficis ورکشاپ سکول اور پیشہ وارانہ مراکز

ایسے مراکز جہاں نوجوانوں کو جن کی عمر 25 سال سے زائد ہے اور انہیں حصول روزگار کیلئے پریشانی کا سامنا ہے ایسے افراد کی مدد و رہنمائی کیلئے بے قاعدہ تربیت ***formació*** ***no reglada*** کے مراکز قائم ہیں جہاں سے ہمیں کسی بھی شعبہ میں پیشہ وارانہ رہنمائی اور تجربہ مل سکتا ہے۔ تاکہ ہمیں حصول روزگار میں آسانی ہو ایسے مراکز کتلان ادارہ برائے روزگار کے ماتحت ہوتے ہیں

## Estatut d'Autonomia de Catalunya خودمختار کتلان آئین

ایسا آئین جو ہسپانوی آئین کے اندر رہتے ہوئے کسی بھی ریاست کے خودمختارانہ بنیادی حقوق کا تعین کرتا ہے جیسے خودمختار کتلان آئین

## Estatut dels Treballadors ملازمین کا آئین

مختلف قواعد وضوابط جنہیں قانون کا درجہ حاصل ہے اور اس میں ملازمین کے بنیادی حقوق بارے وضاحت کی گئی ہے

## Finiquito اختتامی ادائیگی

اس سلسلے میں اس شعبہ میں **Document de liquidació i quitança** کے کالم میں وضاحت موجود ہے

## Formació no reglada بے قاعدہ پیشہ وارانہ تربیت

اسے کہتے ہیں جس میں کوئی ڈپلومہ وغیرہ نہیں دیا جاتا اس میں مختلف قسم کے کورسز۔لیکچر۔سیمینار وغیرہ کا اہتمام ہوتا جن سے کسی بھی پیشہ وارانہ شعبہ میں ہمیں معلومات ورہنمائی ملتی ہے تاہم باقاعدہ ڈپلومہ وغیرہ نہیں ہوتا

## Formació ocupacional subvencionada پیشہ وارانہ تربیتی وظائف

ایسی بے قاعدہ پیشہ وارانہ تربیت جس میں مخصوص مدت وقت اور معلوماتی سیمینار کے لئے باقاعدہ ایک سرٹیفیکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔اس کیلئے حکومت کی جانب سے فنڈ فراہم کئے جاتے ہیں ہمیں کسی فیس کی ادائیگی نہیں کرنا ہوتی تاہم اس بارے مختلف کورسز ہیں جن میں بیروزگار افراد اور باقاعدہ ملازمین کیلئے کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے

## Formació reglada باقاعدہ پیشہ وارانہ تربیت

ایسے کورسز کو کہتے ہیں جن میں باقاعدہ ڈپلومہ یا ڈگری جاری کی جاتی ہے۔اس میں لازمی تعلیم کا حصول (16 سال تک) کے بعد درمیانی مدت کے کورسز اور اعلیٰ تربیتی کورسز شامل ہوتے ہیں۔جو گریجوایشن کے بعد کسی یونیورسٹی وغیرہ میں ہوتے ہیں یا کسی بھی لسانی سکول وغیرہ کے مختلف زبانوں میں کورسز

## Full de salari تنخواہ کا ورق

اس کے لئے آپ **nòmina** کے کالم میں مکمل تفصیل حاصل کر سکتے ہیں

## Globalització econòmica گلوبل معیشت

اس سے مراد عالمی سطح پر معیشت ہے جس میں سرمایہ۔اثاثہ جات اور خدمات کی آزادانہ نقل و حرکت ہوتی ہے اور کام کے حوالے سے بھی بین الاقوامی مارکیٹ کھلی ہوتی ہے

## Gremis professionals پیشہ وارانہ افراد کی تنظیم

مختلف شعبہ جات میں مالکان یا انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے افراد کی پیشہ وارانہ تنظیم جو مشترک مفاد کیلئے کام کرتی ہے

## Hipoteca جائیداد وغیرہ کیلئے قرضہ

کسی بھی اثاثہ کے عوض جاری کئے جانے والے قرضہ کو کہتے ہیں۔ان اثاثوں کی قیمت عدم ادائیگی کی صورت میں استعمال کی جا سکے گی۔جائیداد کے قرضہ جات۔مکانات کی خریداری میں اہم حیثیت رکھتے ہیں۔بعض اوقات مالیاتی ادارہ ہمیں ضامن **aval** لانے کیلئے کہہ سکتا ہے

## Homologació de títols اسناد کی تصدیق

کسی بھی تعلیمی یا پیشہ وارانہ سند یا ڈپلومہ کو نئے ملک میں تسلیم کرنے کیلئے اس کی تصدیق کروانا ضروری ہوتا ہے

## Impost d'Activitats Econòmiques (IAE) منافع بخش سرگرمیوں پر عائد ٹیکس

حکومت یا کسی کارپوریشن کی جانب سے کسی بھی منافع بخش سرگرمی کیلئے وصول کیا جانے والا ٹیکس IAE کہلاتا ہے۔اس میں معاشی پیشہ وارانہ اور فنکارانہ تمام سرگرمیاں شامل ہوتی

ہیں۔تاہم ایسے ادارے جن کی آمدن سالانہ ایک ملین یورو سے کم ہو وہ یہ ٹیکس ادا کرنے کے پابند نہیں

## Impost sobre el Valor Afegit (IVA) اشیا کی خرید وفروخت پر لگایا جانے والا ٹیکس

ایسا ٹیکس جو مصارف پر لگایا جاتا ہے۔اس کا مطلب ہے کہ کسی بھی چیز کی خرید وفروخت پر اور مختلف خدمات کے مشاہرہ پر ایک ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جو 4 فیصد 7 فیصد یا 16 فیصد ہو سکتا ہے۔تمام مالکان اور پیشہ وارانہ سرگرمیاں کرنے والے افراد ہر تین ماہ بعد اس ٹیکس کی وضاحت اور ادائیگی کے پابند ہیں

## Impost sobre la Renda de les Persones Físiques (IRPF) عام لوگوں کی آمدن کا ٹیکس

کسی بھی فرد یا خاندان کی آمدنی پر لگائے ٹیکس کو کہا جاتا ہے۔جس میں ان کل آمدن پر 15 فیصد سے 45 فیصد تک کا ٹیکس لگایا جاتا ہے۔جس کا انحصار ان کی پیشہ وارانہ تخصیص پر ہوتا ہے مثال کے طور پر کل تنخواہ وغیرہ۔اور وہ آمدن جس پر ٹیکس دینا لازمی ہوگا۔ماہانہ تنخواہ لینے والے افراد کیلئے بھی مختلف شرح فیصد کے حساب سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جو ہماری تنخواہ کے ورق **nòmina** پر لکھا جاتا ہے۔اسپین کے قانون کے مطابق تمام افراد پر سالانہ آمدن کی وضاحت کرنا لازمی ہے اس کے لئے محکمہ انکم ٹیکس یا آسیندہ کا دفتر تمام حسابات رکھنے کا پابند ہے۔کاروباری وپیشہ وارانہ افراد کی صورت میں اس ٹیکس کی ادائگی ووضاحت ہر تین ماہ کے بعد ہوتی ہے

## Incentius اضافی آمدن یا ترقی

ہماری تنخواہ میں کوئی بھی اضافی رقم یا بونس وغیرہ کو کہتے ہیں جو باقاعدہ رقم یا کسی عہدہ میں ترقی اور تنخواہ میں اضافہ کی صورت میں ہو سکتی ہے۔ان کا مقصد ملازمین کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے

## Índex de Preus al Consum (IPC) شرح افراطِ زر

سال بھر میں قیمتوں کے تناسب میں کمی بیشی کے شرح تناسب کو کہتے ہیں۔اس میں ہمارے اخراجات۔مختلف اشیا کی قیمتوں وغیرہ کے بارے میں جائزہ رپورٹ کو کہا جاتا ہے۔جس کے ذریعے ماہانہ شرح افراطِ زر کا اندازہ لگانے کی کوشش کی جاتی ہے۔سالانہ شرح افراطِ زر سالانہ حکومتی گزٹ میں شائع کیا جاتا ہے۔اور وہ حکومت کے محکمہ شماریات میں فون کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے

## Informe de vida laboral ملازمت بارے رپورٹ

سوشل سیکورٹی کا محکمہ ***Tresoreria General de la Seguretat Social*** جو رپورٹ ہمیں دیتا ہے جس میں ہمارے سرکاری طور پر قانونی انداز میں کئے گئے کام کی وضاحت ہوتی ہے۔اس کے علاوہ اس رپورٹ میں ہمارے کام کے معاہدہ کے آغاز اور اختتام اس ادارے کا نام جس کے ساتھ ہم کام کر رہے ہیں اور کتنے دن ہم نے کام کیا ہے اس بارے بھی درج ہوتا ہے۔

## Interessos bancaris مالیاتی اداروں کا شرح منافع

کسی بھی قرضہ کی فراہمی کی صورت میں مالیاتی ادارے جو اضافی رقم وصول کرتے ہیں انہیں شرح منافع یا سود کہا جاتا ہے۔شرح منافع اس سود کو کہا جائے گا جو کسی مخصوص مدت کیلئے ہم اس قرضہ کی رقم استعمال کرنے کی صورت میں باقاعدہ ادا کرتے ہیں۔اس شرح منافع کو مخصوص بھی کیا جا سکتا ہے یعنی ہر ماہ ایک رقم کی ادائیگی یا اس کو قابل تبدیل بھی رکھا جا سکتا ہے یعنی کسی بھی ملک کے سکہ کے اتار چڑھاؤ کے مطابق اس میں بھی کمی بیشی ہوتی رہے گی

## Interessos de demora تاخیری سود

اس سے مراد وہ رقم ہے جو ہم کسی بھی قرضہ کی دائیگی کی تاخیر کی صورت میں ادا کرتے ہیں۔اس کی شرح جرمانہ کے طور پر عام شرح منافع سے بہت زیادہ ہوتی ہے

## Intermediació laboral تلاش روزگار میں معاونت

ایسے اداروں سے رابطہ کرنا جو دوسرے اداروں کے لئے ملازمین کی فراہمی کیلئے افراد کی تلاش کرتے ہیں۔ کتلان ادارہ برائے روزگار سرکاری طور پر اس کام کیلئے مخصوص ہے

## Llicència d'obertura کام شروع کرنے کا اجازت نامہ

کسی بھی کارپوریشن میں کوئی بھی معاشی یا پیشہ وارانہ سرگرمی شروع کرنے کیلئے متعلقہ کارپوریشن کی جانب سے جاری کیا جانے والا اجازت نامہ۔

## Llicència municipal d'obres مرمت یا تعمیراتی کام کا اجازت نامہ

کسی بھی آبادی میں دکان۔مکان دفتر میں کوئی تعمیراتی یا مرمت کا کام کرنے کیلئے مقامی کارپوریشن کا اجازت نامہ لازمی ہے کام کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے اس کے اجازت نامہ بڑے تعمیراتی یا چھوٹی مرمت کے حوالے سے جاری کیا جائے گا۔

## Mercat de treball افرادی قوت کی مارکیٹ

مختلف کاروباری و پیشہ وارانہ اداروں میں ملازمین کی کھپت کے بارے میں استعمال کیا جانے والا لفظ

## No-discriminació عدم تعصب

اسپین سمیت پوری یورپی یونین کے ممالک میں دوران ملازمت اور حصول ملازمت کے دوران کسی قسم کا تعصب نہیں ہونا چاہئے چاہے وہ رنگ۔نسل۔جنس۔ذاتی ازدواجی حیثیت۔مذہب۔سماجی حیثیت۔سیاسی نظریات۔جنسی تعلق۔لسانی و جسمانی ہوں۔تمام ادارے کسی بھی قسم کے تعصب سے بالاتر ہونا چاہئیں

## Nòmina ماہانہ آمدن کا ورق

اس تنخواہ کا ورق بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اس ماہانہ رپورٹ کو کہا جاتا ہے جو کسی بھی ادارے کی جانب سے جاری کیا جائے جہاں ہم کام کر رہے ہیں۔اس میں ہماری ماہانہ آمدن اور سوشل سیکورٹی بارے کٹوتی **deduccions**۔اور ماہانہ ٹیکس کی ادائیگی ***IRPF*** کا تعین ہوتا ہے۔جس کی جمع تفریق کے بعد اس میں وہ اصل رقم بتائی جاتی ہے جو ہم ادارے سے وصول کریں گے۔اس کے علاوہ ہماری پیشہ وارانہ حیثیت یا عہدہ کا بھی تعین ہوتا ہے اور عرصہ ملازمت کی وضاحت بھی موجود ہوتی ہے۔ ہمارے لئے بہتر ہوگا کہ ہم انہیں سنبھال کر رکھیں کیونکہ کسی بھی قرضہ وغیرہ کے حصول یا اس ملک میں ہماری موجودگی کی تصدیق کیلئے کام آئیں گے

## Número d'afiliació a la Seguretat Social (NASS) سوشل سیکورٹی کا ملحقہ نمبر

جب ہمارا نام پہلی دفعہ سوشل سیکورٹی میں درج کیا جاتا ہے تو ہمیں ایک شناختی نمبر جاری کیا جاتا ہے جو ہمارے لئے تمام عمر ایک ہی رہے گا۔ چاہے ہم اپنا کاروبار کریں یا ملازمت ہمیشہ اسی نمبر کے ساتھ ہم سوشل سیکورٹی ***règim de cotització*** کے ساتھ منسلک رہیں گے۔کسی بھی امداد کیلئے اس نمبر کی ضرورت پڑ سکتی ہے

## Oficines de Treball de la Generalitat de Catalunya (OTG) کتلان جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار

یہ مراکز کتلان ادارہ برائے روزگار **Servei d'Ocupació de Catalunya** کے تحت کام کرتے ہیں۔جن کا مقصد تلاش روزگار میں مصروف افراد کی مدد و رہنمائی کرنا اور ان اداروں کو ملازمین کی فراہمی جنہیں اس کی ضرورت ہو۔ یہاں پر تلاش روزگار اور ضرورت ملازمین بارے معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔اس کے علاوہ یہاں کام کے معاہدوں ***contractes de treball*** کا اندراج بھی کروانا لازمی ہے۔اس کے علاوہ یہ ادارہ سوشل سیکورٹی کی بعض مالی امداد ***prestació d'atur*** بارے بھی کام کرتا ہے اس کے علاوہ بیروزگاری الاؤنس بھی اسی مرکز سے درخواست کے بعد جاری ہوتا ہے

## Oficines Municipals d'Atenció al Ciutadà (OAC) شہری توجہ و رہنمائی کیلئے میونسپل دفتر

کسی بھی میونسپل کارپوریشن میں قائم دفاتر جن کا مقصد اس آبادی میں شہریوں کو معلومات و رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ اس کے علاوہ ان دفاتر میں مختلف قسم کی کاغذی و دفتری کاروائی بھی کی جاتی ہے۔ مثال کے طور میونسپل رہائشی اندراج انہیں دفاتر میں ہوتا ہے۔ اپنی رہائش کی تبدیلی۔ کسی بھی میونسپل ٹیکس کی ادائیگی۔ مختلف سرٹیفکیٹ کی درخواستیں۔ میونسپل کارپوریشن کی مختلف خدمات بارے معلومات کی فراہمی شامل ہیں

## Organització professional پیشہ وارانہ آرگنائزیشن

مختلف پیشہ وارانہ و کاروباری افراد کی مختلف تنظیموں کی مشترکہ آرگنائزیشن جس کا بنیادی مقصد اجتماعی مفاد کیلئے اپنے ممبران کو ان کے شعبہ سے متعلق ہونے والی تبدیلیوں بارے باخبر رکھنا ہوتا ہے

## Patronal مالکان کی تنظیم

مزدور یونین اور حکومت کے مقابلہ میں اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے قائم کی گئی مالکان کی تنظیم

## Persones emprenedores نئے کاروبار کرنے والے افراد

اس سے مراد وہ افراد ہیں جو انقلابی و اختراعی سرگرمیوں کیلئے کوئی بھی نیا ادارہ یا کام کرنا چاہتے ہیں۔ جو پہلے سے موجود نہ ہو اس میں زیادہ تر کام کی منصوبہ بندی پیپر ورک میں دکھائی گئی ہو جو مستقبل میں ممکن ہو سکتا ہے۔ ایسے افراد کے پاس عام طور پر مالی وسائل نہیں ہوتے مگر ان کے پاس نئے آئیڈیا ہوتے ہیں مگر ضروری نہیں کہ سب کے پاس وسائل کی کمی ہو

## Població activa متحرک آبادی

کسی بھی ملک میں 16 سال سے زائد عمر کے افرادی قوت کو اس کی متحرک آبادی گنا جاتا ہے

## Prestació per desocupació o d'atur بیروزگار یا جن کے پاس کام نہ ہو ان کی امداد

ایسے تمام افراد جنہوں نے سوشل سیکورٹی میں اپنا ٹیکس ادا کیا ہوا اور آخری چھ سالوں میں کم از کم 360 دن لیگل کام کیا ہو انہیں یہ حق حاصل ہے کہ وہ اگر کسی وجہ سے روزگار سے محروم ہو جائیں جن میں کام سے معطلی۔ کام کے معاہدے کا اختتام وغیرہ شامل ہیں کہ وہ بیروزگاری الاونس لے سکیں اس سلسلے میں **subsidi d'atur** کا کالم بھی دیکھ سکتے ہیں

## Prestacions de caràcter assistencial مالی امداد

سوشل سیکورٹی مختلف حالات کی صورت میں لوگوں کی امداد کرنے ان کی فوری ضروریات کو پورا کرنے یا کسی بھی ناگہانی مصیبت کی صورت میں انہیں مدد فراہم کرنے کیلئے مختلف امدادی سکیمیں قائم کر رکھی ہیں۔ تا کہ وہ افراد جنہیں فوری طور پر کسی اضافی خرچ کی ضرورت ہو تو ان کی مدد کی جا سکے

## Préstec personal ذاتی قرضہ

مالیاتی ادارے کسی بھی شخص کو اس کی ذاتی حیثیت میں اس کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کیلئے جو رقم مہیا کرتے ہیں اسے ذاتی قرضہ کہا جاتا ہے۔ اس رقم کے عوض ہمیں سود کی ادئیگی ***interessos*** کرنا ہوگی اور اس کے علاوہ ہمیں کچھ رقم کمیشن کے طور پر بھی ادا کرنا ہوگی۔ مخصوص مدت کے قرضہ جات جن کی مدت اختتام کا تعین کیا جاتا ہے۔ جس کے دوران مزکورہ شخص کو رقم کی واپسی کرنا ہوتی ہے۔ عام قرضہ ***crèdit*** اور ذاتی قرضہ میں یہ فرق ہے کہ عام قرضہ آپ کے پاس موجود ہوتا ہے چاہے آپ اسے استعمال کریں یا نہ کریں جبکہ ذتی قرضہ میں آپ کو تمام رقم فوری طور پر ادا کر دی جاتی ہے۔

### Prevenció de riscos laborals دوران کام حادثات سے بچاؤ

کسی بھی جگہ کام شروع کرنے سے پہلے ہر ملازم کو کام کے دروان پیش آنے والے حادثات بارے معلومات فراہم کی جائیں گی اور اسے جس جگہ اس نے کام کرنا وہاں خطرات بارے آگاہ ہونا ضروری ہےاور وہ ان خطرات سے کیسے بچ سکتا ہے۔ادارہ کا فرض ہے کہ وہ اپنے ملازمین کے تحفظ کیلئے تمام مناسب اقدامات کرے

### Productes i serveis financers مالیاتی خدمات اور مصنوعات

اس سے مراد کسی بھی مالیاتی ادارے کی جانب سے اپنے صارفین کو مہیا کی جانے والی خدمات ہے

### Règims de cotització سوشل سیکورٹی کی ادائیگی

مختلف طریقے جس کے ذریعے ہم سوشل سیکورٹی **Seguretat Social** ٹیکس کی ادائیگی کرتے ہیں۔جس کا انحصار ہمارے کام پر ہوتا ہےمثال کے طور پر اپنے کاروبار کی صورت میں مخصوص ٹیکس ادا کرتے ہیں کسی کے پاس ملازمت کی صورت میں ٹیکس کی ادائیگی مختلف ہوتی ہے جسے ہم جنرل ٹیکس بھی کہہ سکتے ہیں

### Règims de cotització especial اسپیشل سیکورٹی ٹیکس کی ادائیگی

اس میں اپنا کروبار کرنے والے افراد۔زرعی کام کرنے والے لوگ۔ڈومیسٹک ملازمین۔سمندر میں کام کرنے والے افراد اور سرنگوں میں کام کرنے والے ملازمیں شامل ہیں جن کیلئے اسپیشل ٹیکس کی ادائیگی کا نظام وضع کیا گیا ہے۔

### Règim de cotització general جنرل سوشل سیکورٹی ٹیکس کی ادائیگی

اس سے مراد سوشل سیکورٹی میں درج تمام ملازمین جو اپنی تنخواہ میں ٹیکس کی کٹوتی کرواتے ہیں۔اسے جنرل ٹیکس کہا جاتا ہے

### Reivindicacions laborals ملازمین کے مطالبات

اسے سے مراد کسی بھی ادارے یا کمپنی کے ملازمیں کی جانب سے اپنے مالکان سے کوئی بھی مطالبہ رکھنا ہے۔جو ان کے حقوق کے تحفظ سے متعلق ہو بعض اوقات اس سلسلے میں شدید ردعمل کا مظاہرہ کیا جاتا ہےجس میں ملازمین کی ہڑتال **vaga** وغیرہ بھی شامل ہے

### Remeses منی ٹرانسفر

اس سروس کو کہتے ہیں جس کے ذریعے بعض افراد کسی ایک ملک سے دوسرے ملک کیلئے کچھ رقم بھجواتے ہیں۔جسے ایل سی یا بنک رسید کے تحت بھی بھیجا جاتا ہے۔

### Salari mínim interprofessional ملازمین کی کم از کم تنخواہ

اس سے مراد مزدور یونینوں اور حکومت و مالکان کے درمیان مشترکہ رائے سے جو کم از کم تنخواہ کا تعین کیا گیا ہےجس سے کم تنخواہ کی ادائیگی ممکن نہیں۔اس میں سالانہ شرح افراط زر ***Índex dels Preus al Consum (IPC)*** مختلف کرایہ جات اور دیگر اخراجات کے تعین کے بعد فیصلہ کیا جاتا ہے

### Seguretat Social سوشل سیکورٹی

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف سوشل سیکورٹی ایک ایسا ادارہ ہے جو ہسپانوی سماجی نظام کو چلانے کا پابند ہے۔جس میں تمام افراد کی باہمی اخوت کے تحت مالیاتی حیثیت کو برقرار رکھا گیا ہے۔اس سے مراد ہے کہ اس کی مالی معاونت تمام وہ افراد اپنی مدد آپ کے تحت کرتے ہیں جو ٹیکس ادا کر رہے ہیں جس میں تمام ادارے۔اس کے ملازمین اور حکومت شامل ہے۔اس سماجی نظام کے تحت بیماریوں۔کام کے دوران حادثات۔پنشن اور معذوری کی صورت میں پنشن کی ادائیگی شامل ہیں

### Servei de Creació d'Empreses نئی کمپنیوں کے قیام کی سروس

جنرلیتات دے کتلونیا کے محکمہ محنت اور انڈسٹری کے تحت ایسی سروس جس میں کسی بھی نئے ادارے یا کمپنی کے قیام کیلئے تمام ضروری معلومات۔ رہنمائی۔ تربیت۔ ممکنہ مالی امداد کی سہولت موجود ہوتی ہے

### Servei d'Ocupació de Catalunya (SOC) کتلان ادارہ برائے روزگار

اس سے مراد کتلان حکومت کا وہ ادارہ ہے جس کا مقصد مختلف کمپنیوں اور ملازمین کے درمیاں معاشرت اتصال پیدا کرنا ہے۔ تا کہ تمام افراد مل کر کتلونیا کی تعمیر و ترقی میں متحرک کردار ادا کر سکیں۔ اس کے دیگر کاموں میں فوری روزگار کی فراہمی شامل ہے

### Sindicar-se مزدور یونین کی رکنیت

اس سے مراد کسی بھی مزدور یونین میں شمولیت اختیار کرنا ہے

### Sindicat مزدور یونین

مختلف ملازمین کی جانب سے اپنے حقوق و مفادات کے تحفظ کیلئے قائم کی جانے والی تنظیم کو مزدور یونین کہا جاتا ہے۔ ان کے مقاصد میں تمام ممبران کے معاشی۔ معاشرتی اور ملازمت بارے حقوق کا تحفظ کرنا ہے۔ عام طور پہ تنظیمیں مشترکہ فیڈریشن یا مرکزی تنظیم سے وابستہ ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ ان تنظیموں کا کسی سیاسی تنظیم سے بھی الحاق ہو سکتا ہے

### Subsidi d'atur بیروزگار افراد کی مالی مدد

سوشل سیکورٹی کی جانب سے کسی بھی ایسے شخص کی مدد کیلئے جس نے مقررہ حد سے زائد عرصہ کیلئے کام کیا ہو جب وہ بیمار ہو جائے۔ اس کے اہل خانہ کے تحفظ یا ریٹائر ہونے کی صورت میں پنشن کی ادائیگی شامل ہیں۔ اس ادارے سے بیروزگاری کی صورت میں بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ جس کیلئے بعض شرائط کا پورا کرنا ضروری ہے

### Tallers d'ocupació ملازمین کیلئے ورکشاپ

بیروزگار افراد کی مدد و رہنمائی کیلئے بے قاعدہ پیشہ وارانہ تربیت جن کا اندراج کتلان ادارہ برائے روزگار کے دفاتر **Servei d'Ocupació de Catalunya** میں موجود ہو اور ان کی عمر 25 سال سے زائد ہو۔ اس خدمت کا مقصد بیروزگار افراد کی مارکیٹ کی طلب و رسد کو دیکھتے ہوئے مخصوص شعبہ ہائے زندگی میں تربیت کرنا ہے تا کہ وہ فوری حصول روزگار کے قابل ہو سکیں۔ اس سے مراد ہے کہ اس پروگرام میں وہ افراد بھی شرکت کر سکتے ہیں جو پہلی دوفعہ کام کر رہے ہیں یا وہ افراد جو پہلے کہیں کام کر چکے ہیں اور دوبارہ روزگار کی تلاش میں ہیں

### Targeta de crèdit کریڈٹ کارڈ

پلاسٹک کے مخصوص کارڈ جن کے اوپر ایک شناختی نمبر موجود ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کارڈ کے مالک کا نام اور دستخط بھی ہوتے ہیں۔ یہ کارڈ بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی جانب سے جاری کئے جاتے ہیں۔ جیسے ویزہ کارڈ۔ ڈنر کلب کارڈ۔ کارتے بلانک وغیرہ۔ جن کا مقصد ان کے مالکان کو کسی بھی خریداری کے دوران ایک رسید پر دستخط کے بعد نقد ادائیگی نہ کرنا پڑے۔ کسی اثاثہ کی خریداری۔ ہوٹل کی ادائیگی سفری ٹکٹ وغیرہ کیلئے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ ان کارڈون کے ذریعے کی جانے والی خریداری بعد ازاں ہمارے مالیاتی ادارون بنکوں میں سے ہمارے کھاتی سے منہا کر لی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ان کارڈو کے ذریعے نقد رقم بھی بوقت ضرورت نکلوائی جا سکتی ہے۔

### Targeta de diners o de dèbit پیسوں والے کارڈ

ان سے مراد وہ کارڈ ہیں جو اسی صورت میں آپ کو رقم کی ادائیگی یا خریداری میں مدد دیں گے اگر آپ کے اکاؤنٹ میں رقم موجود ہوگی تو اور آپ ان کارڈوں کو کسی بھی آٹو میٹک

مشین ***caixers automàtics*** کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔اس کے ذریعے نکالی یا استعمال کی گئی رقم فوری طور پر آپ کے اکاؤنٹ سے منہا کر لی جائے گی

### بنک کے ذریعے منی ٹرانسفر Transferències bancàries

اس سے مراد کسی بھی مالیتی ادارے یا بنک کے ذریعے ایک اکاؤنٹ سے دوسرے اکاؤنٹ یہ دوسرے بنک یا دوسرے ملک رقم ٹرانسفر کی جا سکتی ہے

### ملازمت کرنا Treball per compte d'altri

کسی بھی ادارے۔کمپنی یا فرد کیلئے کام کے معاہدے ***contracte laboral*** کے بعد ماہانہ مشاہرہ کے عوض کام کرنے کو ملازمت کہا جاتا ہے

### اپنا کام کرنا Treball per compte propi

اس سے مراد وہ کام یا معاشی سرگرمی ہے جس کے لئے ہم کسی کیلئے کام نہ کر رہے ہوں اور اس کے نفع نقصان کے خود ذمہ دار ہوں اسے اپنا کام کرنا کہتے ہیں

### سوشل سیکورٹی کا دفتر Tresoreria General de la Seguretat Social

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف سوشل سیکورٹی ایک ایسا ادارہ ہے جو ہسپانوی سماجی نظام کو چلانے کا پابند ہے۔جس میں تمام افراد کی باہمی اخوت کے تحت مالیاتی حیثیت کو برقرار رکھا گیا ہے۔اس سے مراد ہے کہ اس کی مالی معاونت تمام وہ افراد اپنی مدد آپ کے تحت کرتے ہیں جو ٹیکس ادا کر رہے ہیں جس میں تمام ادارے۔اس کے ملازمین اور حکومت شامل ہے۔اس سماجی نظام کے تحت بیماریوں۔کام کے دوران حادثات۔پنشن اور معذوری کی صورت میں پنشن کی ادائیگی شامل ہیں

### یورپی یونین Unió Europea

مختلف یورپی ممالک کی جانب سے ایک ایسے ادارے کا قیام جس میں ہر ملک کے اندر روزگار بارے پالیسی اور دیگر مشترکہ معاملات شامل ہیں

### ہڑتال Vaga

کسی بھی پیشہ وارانہ۔مضافاتی ادارے کے ملازمین کا اپنے کسی مطالبہ کے حق میں باقاعدہ اطلاع کے ساتھ کام کو روک دینا ہڑتال کہلاتا ہے۔جس کا مقصد اپنے کسی مطالبہ کی منظوری کیلئے مالکان ***patronal*** پر دباؤ بڑھانا ہوتا ہے۔ان میں عام طور کام کے اوقات میں کمی۔تنخواہوں میں اضافہ۔پنشن میں بہتری وغیرہ جیسے مطالبات شامل ہوتے ہیں۔جب تمام لوگ مل کر ہڑتال کریں اسے جنرل ہڑتال کہا جاتا ہے